رول نمبر ـــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2022-2020 تا 2025-2023 )

اردو (لازمی) LHR-1-24 024- فرسٹ اینول ( نہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) **PAPER CODE = 5023** کل نمبر : 15

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | امیر کی جمع ہے : | (A) امراء | (B) امرن | (C) امارات | (D) امور |
| 2 | میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے شخص کے مرید تھے : | (A) خواجہ میر درد کے | (B) مرزا غالب کے | (C) ابراہیم ذوق کے | (D) خواجہ باسط کے |
| 3 | کیا کیا مچی ہیں ۔۔۔ برسات کی بہاریں : | (A) لوگو | (B) یارو | (C) دوستو | (D) دیکھو |
| 4 | دکھ کا مترادف ہے : | (A) خوشی | (B) [illegible] | (C) تکلیف | (D) رُخ |
| 5 | کس نے سودا کو میر پر ترجیح دی : | (A) ذوق نے | (B) غالب نے | (C) مومن نے | (D) شیفتہ نے |
| 6 | طالب علم نے کتنے سالوں میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا : | (A) چار سال | (B) دو سال | (C) تین سال | (D) پانچ سال |

(ورق الٹیے)

( 2 )

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | مَلک کی مؤنث بنائیے : | (A) مالکہ | (B) ملکہ | (C) شہزادی | (D) شہزادن |
| 8 | ''قاطع برہان'' کے مصنف ہیں : | (A) ذوق | (B) مومن | (C) غالب | (D) سودا |
| 9 | کس کے گھوڑے کے پاؤں زمین میں دھنس گئے : | (A) یہودی | (B) سراقہ بن جعشم | (C) ہمہ تن چشم | (D) ابن ہشام |
| 10 | ڈاکٹر نے میاں کو کس بات کی تاکید کی تھی : | (A) وقت پر دوائی کھانے کی | (B) انجکشن لگوانے کی | (C) خاموش لیٹے رہنے کی | (D) سیر کرنے کی |
| 11 | ''مرآۃ الغیب'' کس کی کتاب ہے : | (A) امیر مینائی | (B) نذیر اکبر آبادی | (C) مرزا غالب | (D) علامہ محمد اقبال |
| 12 | عروج کا متضاد بنائیے : | (A) جمال | (B) کمال | (C) جلال | (D) زوال |
| 13 | مرزا غالب کا اصل نام کیا تھا : | (A) سعداللہ | (B) عبداللہ خاں | (C) نصراللہ خاں | (D) اسداللہ خاں |
| 14 | افسانہ ''زادِ راہ'' کس کی تصنیف ہے : | (A) کرنل محمد خان | (B) ڈپٹی نذیر احمد | (C) میرزا ادیب | (D) منشی پریم چند |
| 15 | حدیث کی جمع ہے : | (A) حوادث | (B) احادیث | (C) حادثہ | (D) حادثات |

101-024-I-(Objective Type)-43750 (5023)

ParhloPakistan.com

رول نمبر ................(امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) 024 - فرسٹ اینول (نہم کلاس) LHR-1-24 وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے / کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(ii) جو بےداغ لالہ، جو بےخار گُل ہے / وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

(iii) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری / گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی / یہ رنگ [illegible] تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل)

(v) بار بار اُن کے در پہ جاتا ہوں / حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں / کاش پوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں / اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اس کے حاصل کرنے میں اس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قوٰی کو بھی بےکار ڈال دے تو اس کا حال کیا ہو گا۔

(ورق الٹئے)





3- (ب) بھینسے کو بالکل نکما سمجھا جاتا ہے۔ اسے ہل میں جوتنے کی سکیم ناکامیاب ثابت ہوئی،کیونکہ وہ دائمی طور پر تھکا ہوا اور ازلی سُست ہے۔ اس نے بچپن میں بھینس کا دودھ پیا تھا۔ بھینس کے سامنے بین بجائی جائے تو نتیجہ تسلی بخش نہیں نکلتا، بھینس کو بین سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بحوالہ سبق ''ہجرت نبوی ﷺ'' ابوجہل نے حضرت محمد ﷺ کو نقصان پہنچانے کے لیے کون سی رائے پیش کی؟

(ii) مرزا غالب اکثر تنگ دست کیوں رہتے تھے؟

(iii) اگر انسان اپنے دلی قوٰی کو بےکار چھوڑ دے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(iv) جمن نے خالہ کی خاطر داریاں کب تک کیں؟

(v) ڈرامہ ''آرام و سکون'' کے آخر میں کون کون سی آوازیں مل کر میاں کو تکلیف دیتی ہیں؟

(vi) نظم حمد میں شاعر کے دل سے کیا ٹکرا کے گزرتا ہے؟

(vii) طیور کہاں نغمہ زن تھے؟

(viii) صیّاد سے بہادر شاہ ظفر کی کون مراد ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (الف) پنچایت۔ (ب) آرام و سکون 5

6- نصاب میں شامل نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- فیس معافی کے لیے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنی پڑھائی میں وقت پیدا کرنے والی موسیقی بند کرانے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔

8- ''جس کا کام اُسی کو ساجھے'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا تاریخ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور آوں گا۔ (iii) امجد نے کراچی جانا ہے۔

(iv) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) میں نے شاہد دیکھا۔

یا

درج ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے : (i) اُلٹے بانس ---- (ii) رات گئی ---- (iii) ہاتھی کے دانت ----

(iv) ظلم کی ٹہنی کبھی ---- (v) جس کی لاٹھی ----

ParhloPakistan.com